# GOVERNMENT OF PAKISTAN
# PAKISTAN BAIT UL MAL
(An ISO 9001:2015 Certified Public Sector Organization)
**(MINISTRY OF POVERTY ALLEVIATION & SOCIAL SAFETY)**

# ٹینڈر نوٹس

1 - پاکستان بیت المال وفاقی حکومت کا ایک کارپوریٹ ادارہ ہے۔ پاکستان بیت المال نے صوبہ خیبر پختونخواہ میں یتیم بچوں کی کفالت کے لئے پاکستان سویٹ ہوم قائم کئے ہیں۔ یہ مراکز مردان، سوات، کوہاٹ، مانسہرہ، شانگلہ، خیبر، بنوں اور باجوڑ کے اضلاع میں موجود ہیں۔ ہر مرکز میں 100 بچے زیر کفالت ہیں۔ درج بالا مراکز میں مقیم بچوں کے لئے **Stockable Food & Non-Food items** کی فراہمی، جسکی تفصیلات یعنی تعداد، معیار وغیرہ ٹینڈر کاغذات میں موجود ہیں، پاکستان بیت المال صوبائی دفتر خیبر پختونخواہ تمام سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ (FBR سے رجسٹرڈ اور فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست ATL پر موجود)، فرمز کو مالی / تکنیکی بولی (single stage two envelope procedure) کی دعوت دیتا ہے۔ ہر بولی دہندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ تمام PSHs، تمام لاٹس اور لاٹ میں شامل تمام آئٹمز کے لیے بولی لگائے۔

2 - ٹینڈر فارم جو کہ تفصیلی شرائط و ضوابط، طریقہ خریداری، زرضمانت، ٹینڈر فارم لینے، جمع کرنے اور کھولنے کی حتمی تاریخ اور دوسری ضروری ہدایات پر مشتمل ہے، PPRA اور پاکستان بیت المال کی ویب سائیٹس www.ppra.org.pk اور www.pbm.gov.pk پر موجود ہے۔ خواہشمند بولی دہندگان ٹینڈر فارم مذکورہ ویب سائیٹس سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

3 - E-Bid پیپرا قواعد و ضوابط اور ٹینڈر کاغذات میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کی گئی تجاویز (تکنیکی اور مالی) **10-09-2026** دن 11:00 بجے تک EPADS (E-Pak Acquisition & Disposal System, www.epads.gov.pk version 2.0) پر جمع کروائی جا سکیں گی۔ جس کے ساتھ Pay Order/CDR مبلغ -/800,000 روپے (For Food items, Lot-A) اور مبلغ -/400,000 روپے (For Non- Food items, Lot-B) بطور زرضمانت / قابل واپسی، بحق ڈائریکٹر پاکستان بیت المال، خیبر پختونخواہ پشاور لف ہونا چاہیے اور اصل Pay Order/CDR صوبائی دفتر پشاور میں **10-09-2026** دن 11:00 بجے تک جمع کرانا ہوگا۔ EPADS (version 2.0) پر اپ لوڈ نہ ہونے پر کوئی بولی قبول نہیں کی جائے گی۔

4 - تکنیکی بولیاں **10-09-2026** کو 11:30 بجے پاکستان بیت المال صوبائی دفتر، خیبر پختونخواہ میں کھولی جائیں گی۔ بولی دہندہ کو **Stockable Food & Non-Food items** کے نمونہ جات / بروشرز تکنیکی تجاویز کھلنے کے دن ٹینڈر کے ساتھ جمع کرانے ہونگے۔ جبکہ مالی بولیاں (Financial Bids) کھولنے کی تاریخ کے بارے میں کامیاب تکنیکی بولی دہندگان کو بعد میں مطلع کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کا جائزہ لاٹ کے لحاظ سے کم ترین لاگت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

5- منظور شدہ / کامیاب بولی دہندہ 30th June, 2027 تک ضرورت کے مطابق، منظور شدہ ریٹ پر، مال متعلقہ PSH کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ پاکستان بیت المال PPRA Rules کے مطابق کوئی ایک یا تمام بولیاں مسترد کر سکتا ہے۔

**ڈائریکٹر**


پاکستان بیت المال صوبائی دفتر، خیبر پختونخواہ

اسماعیل پلازہ، پلاٹ نمبر 11، قافلہ روڈ، نزد گورا قبرستان،

پُشت شیل پٹرول پمپ، یونیورسٹی روڈ، پشاور۔

فون نمبر: 091-9218021